سوال

(471)جادو ٹونے کے متعلق ایک واقعہ

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

جناب ہمارے گاؤں میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ ایک قوم ایسی تھی جو جادو ٹونے بہت زیادہ کرتی تھی وہ انسان کو بکرا اور مچھر بنا دیتے تھے وہ حد سے گزر چکے تھے ایک دن اللہ تعالیٰ نے حضرت جبریل علیہ السلام کو ان کے پاس بھیجا تاکہ ان کا امتحان لیا جائے چنانچہ حضرت جبریل علیہ السلام ایک انسان کی شکل میں زمین پر آئے اور ایک چرواہے سے پوچھا کہا اس وقت جبریل علیہ السلام کہاں ہوں گے؟ اس نے اپنی لٹھ اپنے چاروں طرف گھمائی اور کہا کہ نہ وہ آسمان پر ہے اور نہ ارد گرد یا وہ تم ہو یا میں ہوں یہ بات سن کر حضرت جبریل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے پاس گئے اللہ تعالیٰ کو سارا واقعہ سنایا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ اس قوم کو تباہ کر دیا جائے اور اس قوم کو تباہ کر دیا گیا۔ کیا یہ واقعہ صحیح ہے یا غلط؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

واقعہ ہذا من گھڑت ہے۔

هذا ما عندي والله اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص761

محدث فتویٰ